تعلیمات اسلامی (لازمی)	لاہور بورڈ، 2015	انٹر پارٹ-I دوسرا گروپ
وقت: 1 گھنٹہ 45 منٹ	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 40

(حصہ اول)

-2 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) عقیدہ کس طرح کردار پر اثر انداز ہوتا ہے؟

(ii) اسلام کے چار بنیادی عقائد لکھیے۔

(iii) انبیاء کرام کی چار خصوصیات لکھیے۔

(iv) جنگ اور جہاد میں کیا فرق ہے؟

(v) نماز کی اہمیت کے بارے میں ایک حدیث کا ترجمہ لکھیے۔

(vi) روزے کے چار فوائد لکھیے۔

(vii) زکوٰۃ کے لغوی و اصطلاحی معنی لکھیے۔

(viii) وہ کون سے رشتہ دار ہیں جن کو زکوٰۃ نہیں دی جا سکتی؟

(ix) جہاد کی اقسام کون کون سی ہیں؟

-3 کوئی سے چھ (6) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: 12

(i) صبر و استقلال کا مفہوم لکھیے۔

(ii) جنت ماؤں کے قدموں تلے ہے، حدیث مبارکہ کا ترجمہ عربی میں دیجیے۔

(iii) حضورؐ صبر و استقلال کا پیکر تھے، ایک واقع لکھیے۔

(iv) رحم کے بارے میں حدیث نبویؐ کا ترجمہ لکھیے۔

(v) تدوینِ قرآن کے حوالے سے حضرت عثمانؓ کی خدمت لکھیے۔

(vi) قرآن پاک کا اندازِ بیان کیسا ہے؟

(vii) تدوین حدیث کے دورِ ثالث میں کون سا کام ہوا؟

(viii) آیت کا ترجمہ لکھیے: وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰہِ جَمِیْعًا وَّ لَا تَفَرَّقُوْا

(ix) حدیث کا ترجمہ لکھیے: کُلُّ الْمُسْلِمِ عَلَی الْمُسْلِمِ حَرَامٌ دَمُہٗ وَ مَالُہٗ وَ عِرْضُہٗ

(حصہ دوم)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جوابات لکھیے۔

4- رسالت محمدیؐ کی خصوصیات قلمبند کیجیے۔ 8

5- اسلام میں عدل کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھیے۔ 8

6- حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رحمۃ اللعالمین ہیں، مثالوں سے واضح کیجیے۔ 8